Sociology - FA Part 2 Sociology Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Test

Q1. بستی میں پنچائیت کی اہمیت بیان کریں.

Ans 1: بستی میں زاتی دشمنیاں اور تفرقہ بازی پائی جاتی ہے جس کے ایک خاص وجہ ایک دوسرے کی فصلییں کاٹ لینا ، مویشی چوری کرنا، پانی توڑ کر لگانا، عورتوں سے ناجائش تعلقات رکھنا اور زمین کی تقسیم ہے. اس قسم کے تنازعات میں پنچائت فریقین کے درمیان جھگڑوں کو نمٹانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے.

Q2. معاشرتی گروہ کی چار اقسام بیان کریں.

Ans 1: 1- ابتدائی گروہ 2- ثانوی گروہ 3- رسمی گروہ 4- غیر رسمی گروہ

Q3. کھیت رہائش سے کیا مرا دہے.

Ans 1: پنجاب کے اکثر کاشتکار کھیت رہائش رکھتے ہیں. کھیت رہائش میں کاشتکار کے مکانات وہاں ہوتے ہیں جہاں ان کی کاشتکاری ہوتی ہے. یعنی کاشتکار کے گھر کے ارد گرد اس کی کاشت کی ہوئی زمین ہوتی ہے. ایسی آبادی کو پنجابی زبان میں "بھینی " کہتے ہیں.

Q4. دیہی آباد کاری سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی ابادی جہاں بلدیاتی تنظیم کے ادارے جیسے ٹاؤن کمیٹی، سول لائنز، ہسپتال نہ ہوں اور نہ دوسری زندگی کی جدید سہولتیں میسر ہوں اور وہاں کے لوگوں کی معاشرتی زندگی کے انداز بھی سادہ ہوں اور افراد کی تعداد پانچ ہزار سےکم ہو دیہی آباد کاری کہلاتی ہے.

Q5. ثانوی گروہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ہارٹن اینڈ ہنٹ کے مطابق: ثانوی گروہ کے تعلقات غیر شخصی ، محدود اور خاص مقصد کے حصول کے لیے وقوع بذیر ہوتے ہیں.

Q6. بلدیاتی آباد کاری کسےکہتے ہیں.

Ans 1: جو لوگ پانچ ہزار یا اس سے زیادہ تعداد میں کسی ایک مقام پر اکٹھے رہیں. اس علاقے کو بلدیاتی یا شہری علاقہ کہتے ہیں.بلدیاتی علاقوں میں عام طور پر جدید سہولتیں جیسے پختہ سڑکیں ، ریل ، ہسپتال، سکول،کالج، منڈی اور انتظامیہ پائی جاتی ہے.

Q7. مقامی گروہ کے دو خواص بیان کریں.

Ans 1: 1- مقامی گروہ میں داخلی و ابتدائی گروہ کے خواص ہوتے ہیں.

Ans 2: 2 - مخصوص معمولات و مستحبات ہوتے ہیں.

Q8. داخلی اور خارجی گروہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: داخلی گروہ: وہ گروہ ہے جس کا فرد خود رکن ہو. یعنی گروہ اور فرد کے درمیان کم ازکم ایک خوبی مشترک ہو. جیسے کہ راجپوت زات سے تعلق رکھنے والے سب داخلی گروہ کے ارکان ہیں.

Ans 2: خارجی گروہ: خارجی گروہ سے مراد وہ گروہ ہے جس کا فرد خود رکن نہ ہو. جیسے کہ ملتان والوں کے لیے تمام شہروں کے باشندے خارجی گروہ میں شامل ہیں.

Q9. بستی کے دو خواص تحریر کریں.

Ans 1: 1 - بستی کے رہنے والے گھریلو زرعی کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کرتے ہیں.

Ans 2: 2- بستی عام طور پر ایک زات یا خاندان سے تعلق رکھنے والے افراد پر مشتمل ہوتی ہے.

Q10. بستی کی تعریف کریں.

Ans 1: بستی ایک چھوٹی آبادی کا نام ہے جو چند گھروں پر مشتمل ہوتی ہے. ابادی سڑک کے ایک طرف یا دونوں طرف آباد ہو. گھروں کی تعداد تھوڑی ہو اور آپس میں زات یا خاندان کی بنیاد پر تعلقات کی نوعیت قائم ہو ایسی آبادی کو بستی کہا جاتا ہے.